© rasailojaraid.com



ہیں۔ مجھے قدم قدم پر اپنائیت، محبت، ہمدردی، خلوص اور پیار ہی پیار کا اندازہ ہوا۔ ۱۱ ستمبر کو بذریعہ طیارہ کشمیر سے میری روانگی ہو گئی۔ کشمیر سے بخیریت تمام دہلی لوٹ آیا ہوں، اب وہاں کی حسین اور دلفریب یادیں میری زندگی کے حسین لمحات میں شامل ہیں!!!

---

# سرکشی ضلع بجنور

مصنفہ:۔ سرسید احمد خاں مرحوم

مُرتبہ:۔ شرافت حسین مرزا۔ دہلی یونیورسٹی

سرکشی ضلع بجنور سرسید احمد خاں کا تالیف کردہ تاریخی روزنامچہ ہے جس میں ضلع بجنور کے وہ حالات و واقعات درج کئے گئے ہیں جو ۱۸۵۷ء کی جدوجہد آزادی کے دوران پیش آئے تھے۔ یہ کتاب ضلع بجنور سے متعلق ایک اہم دستاویز ہے جس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے واضح ہے کہ اس کا مصنف ان واقعات کا عینی شاہد ہے۔

پورے ملک میں انگریزوں کے خلاف جو شکایات پیدا ہو گئی تھیں اُن سے چھٹکارا پانے کے لئے کس طرح ہندو اور مسلمان بلا اختلافِ مذہب و ملت جدوجہد آزادی میں کود پڑے تھے۔ ضلع بجنور نے بھی اس میں پورا پورا حصہ لیا تھا سرسید احمد خاں نے ان واقعات کو وضاحت کے ساتھ بیان کیا ہے۔ آزادی کی جدوجہد میں ضلع بجنور کے باشندوں کی کیا خدمات ہیں اور کس طرح پورے ملک کی طرح ناکامی سے دوچار ہوئے۔ یہ سب داستان آپ کو اس کتاب میں ملے گی صفحات ۲۰۰۔ سائز $\frac{۲۰\times۳۰}{۱۶}$ قیمت ۔/۱۰ روپے مجلد ۔/۱۲ روپے

منیجر ندوۃ المصنفین۔ اُردو بازار جامع مسجد دہلی

© rasailojaraid.com